صاحب عقائد نسفیہ ابوحفص عمر بن محمد احمد بلاد ماوراء النہر کے شہر ''نَسَف'' میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنے وقت کے جید مفسرین، محدثین، اور فقہاء سے تحصیل علم کی اور اپنے وقت کے امام ہوئے۔ سو کے قریب آپ کی تصنیفات ہیں، عقائد نسفیہ آپ کی معروف تصنیف ہے۔

زیر تبصرہ کتاب اسی کی اردو شرح ہے۔ مولف کے مطابق اس شرح چند باتوں خصوصی طور پر اہتمام کیا گیا ہے:

☆......عبارت کے نیچے ہی بامحاورہ اور سلیس ترجمہ دیا گیا ہے۔

احسن انداز میں عبارت کی مختصر مگر جامع تشریح ذکر کی گئی ہے۔

☆......تقطیع عبارت میں مناسب، معقول اور متوسط انداز اختیار کیا گیا ہے۔

☆......مفہوم عبارت ذکر کرنے کے بعد بہت سے مقامات پر جاندار بامعنی فوائد اس انداز میں ذکر کیے گئے ہیں کہ وہ اس کتاب میں خاصے کی چیز ہیں۔

☆......حل لغات کی طرف بھی خاص توجہ دی گئی ہے۔

خیال رہے کہ یہ شرح دو جلدوں میں ہے۔ ایک جلد وفاق کے بنین کے نصاب کے مطابق ہے، دوسری بنات کے نصاب کے مطابق۔ طلبہ و اساتذہ کے لیے یکساں مفید ہے۔ آغاز میں جید اساتذہ کرام کی تقریظات بھی شامل ہیں۔

فیضان حقانی

ازقلم: مولانا محمود الرشید حدوٹی عباسی۔ صفحات: 176۔ طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ۔ فون 0301-3019928

حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہم کثیر التصنیف عالم ہیں۔ ''کتاب'' گویا آپ کی زندگی ہے۔ آپ کے اوقات کا ننانوے فی صد حصہ کتاب پڑھنے، پڑھانے، پڑھوانے، لکھنے اور اشاعت میں صرف ہوتا ہے۔ آپ کے قائم کردہ اشاعتی ادارہ ''القاسم اکیڈمی'' کی طرف سے تقریباً ہر ماہ متنوع موضوعات پر کتابیں شائع ہوتی ہیں۔ آپ کی ہر تصنیف پر ملک و بیرون ملک تبصرے بھی شائع ہوتے ہیں۔ زیر نظر مجموعہ مولانا محمود الرشید حدوٹی زید مجدہم کا مرتب کردہ ہے۔ مولانا موصوف بھی صاحبِ تصنیفاتِ کثیرہ ہیں اور متعدد جرائد کے مدیر و مالک ہیں۔ آپ کے ماہنامہ ''آب حیات'' میں حضرت حقانی صاحب مدظلہم کی کتب پر جتنے تبصرے شائع ہوئے انہیں یکجا کرکے یہ مجموعہ مرتب کیا گیا ہے۔ کتابی ذوق رکھنے والے احباب کے لیے یہ تبصرہ جہاں علم و ادب کا خزینہ ہیں وہیں حضرت حقانی